مَرکزُ الاِقتصادِ الاِسلامی
Islamic Economics Centre
دارالافتاء اہلسنت
www.iecdawateislami.com

بیسی جمع کروانے والے کا انتقال ہو جائے تو رقم واپس کرنے کا حکم

ریفرنس نمبر:IEC-386
تاریخ:14-09-2024

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ ایک شخص نے دو کمیٹیاں ڈالی ہوئی تھیں۔ دو کمیٹیوں میں سے ایک کمیٹی کی رقم یعنی 8 لاکھ روپے اس کو مل گئی تھی اور ٹوٹل وہ 10 لاکھ 50 ہزار روپے دونوں کمیٹیوں کی رقم بھر چکا ہے۔ اب اس کا انتقال ہو گیا جس کی وجہ سے مزید کمیٹیاں وہ جمع نہیں کروائے گا اور اس کی دوسری کمیٹی تقریباً 7 ماہ بعد کھلے گی۔ سوال یہ ہے کہ جو ڈھائی لاکھ روپے میت نے اضافی جمع کروائے تھے کیا وہ ورثاء کو فوراً دینا لازم ہے؟

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

بیان کردہ صورت میں مرحوم دونوں کمیٹیوں کی مد میں 10 لاکھ 50 ہزار روپے ادا کر چکا تھا اور اس کو ایک کمیٹی کی مد میں 8 لاکھ روپے مل چکے تھے لہٰذا مجموعی طور پر ڈھائی لاکھ روپے کی رقم کمیٹی والے پر قرض ہوئی اور عندالشرع قرض کو مطالبہ پر لوٹانا لازم ہوتا ہے۔ بہر حال کمیٹی والے پر یہ ڈھائی لاکھ روپے ورثاء کو دینا لازم ہے، اب اس کا طریقہ کار یہ ہو سکتا ہے کہ میت کے ورثاء اور کمیٹی والا باہمی رضامندی سے کسی ایک تاریخ کو طے کر لیں جس میں رقم کی واپسی ہو گی۔ اور ورثاء کو بھی چاہیے کہ اگر کمیٹی والا فوری ادائیگی پر قادر نہیں ہے اور وقت کا مطالبہ کرتا ہے تو اس سے فی الفور ادائیگی کا مطالبہ نہ کریں بلکہ کچھ مہلت دے دیں۔

ہمارے یہاں کمیٹی کی رقم بطور قرض دی جاتی ہے چنانچہ علامہ علاؤالدین حصکفی رحمۃ اللہ علیہ قرض کی تعریف کے متعلق در مختار میں لکھتے ہیں: ”شرعا: ما تعطیہ من مثلی لتتقاضاہ“ یعنی شرعی اعتبار سے قرض وہ مثلی مال ہے جسے تم اس جیسا واپس حاصل کرنے کی غرض سے دیتے ہو۔ (درمختار، جلد 5، صفحہ 161، مطبوعہ بیروت)

واللہ اعلم عزوجل **ورسولہ اعلم** صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــہ

ابو محمد مفتی علی اصغر عطاری مدنی

10 ربیع الثانی 1446ھ/14 اکتوبر 2024ء

نوٹ: مرکز الاقتصاد الاسلامی (Islamic Economics Centre) کی جانب سے وائرل ہونے والے کسی بھی فتوے کی تصدیق دارالافتاء اہلسنت اور مرکز الاقتصاد الاسلامی (Islamic Economics Centre) کی ویب سائٹ اور مرکز الاقتصاد الاسلامی کے فیس بک پیج islamicEconomicsCentre سے کی جا سکتی ہے۔
دارالافتاء اہل سنت ویب سائٹ www.daruliftaahlesunnat.net | مرکز الاقتصاد الاسلامی (Islamic Economics Centre) کی ویب سائٹ www.iecdawateislami.com

ایڈریس: فیضان پلاٹ نزد حنفیہ مجاہدین مسجد متصل عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ
Email:appointment@iecdawateislami.com